AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin

Dated : 14-10-2026

Time : 07:40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ تجمل۔پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈ لائنز:

✓ ۱ ۔۔۔۔بھارت کی تہذیبی تاریخ صدیوں پر محیط ثقافتی تبادلوں اور علم کے اشتراک سے تشکیل پائی ہے// وزیراعظم نریندر مودی

✓ ۲ ۔۔۔۔طبی نگہداشت کے جدید طور طریقوں کو شہری علاقوں سے آگے بڑھا کر دیہی اور دور افتادہ علاقوں تک پہنچانا وقت کی اہم ضرورت : ایل جی منوج سنہا

✓ ۳ ۔۔۔۔نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری نے گاندربل میں ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا لیا جائزہ// پروجیکٹوں کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں کو فوری طور سے دور کرنے کی ہدایت

اور

✓ ۴ ۔۔۔۔وادی کے تعلیمی اداروں کے اوقاتِ کار میں کل سے تبدیلی کا اعلان۔

اب پیش ہے خبروں کی تفصیل

مودی

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کی تہذیبی تاریخ صدیوں پر محیط ثقافتی تبادلوں اور علم کے اشتراک سے تشکیل پائی ہے۔نئی دہلی میں بھارت کے عالمی ثقافتی روابط پر بین الاقوامی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ نالندہ جیسے تعلیمی مراکز نے ایشیا میں علم کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ راہب، اسکالر، تاجر اور سفر کرنے والوں نے بھارتی خیالات کو زمینی اور ساحلی راستوں سے پوری دنیا تک پھیلایا۔

اس موقعے پر مرکزی وزیرِ ثقافت وسیاحت گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا کہ تہذیبوں کے اثرات کو صرف جغرافیائی حدود تک محدود نہیں کیا جا سکتا۔تین روزہ کانفرنس سولہ اکتوبر تک نئی دہلی کے وگیان بھون میں جاری رہے گی۔

مودی لداخ

وزیر اعظم نریندر مودی کل لداخ میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 3 ہزار 350 کروڑ روپے کی لاگت والے پانچ بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کریں گے۔
ان پانچ پروجیکٹوں کی بدولت کنکٹیویٹی، توانائی کے بنیادی ڈھانچے، ثقافتی ورثے اور خطے میں پانی کے تحفظ کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔

جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ اتفاق رائے، باہمی سوجھ بوجھ اور ذاتی مفادات، درمیانی طاقتوں کی طرف سے اختیار کئے گئے قوانین کی عمل آوری میں ایک اہم رول ادا کریں گے۔ نئی دلی میں بلومبرگ نیوا کانومی فورم سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خارجہ نے کہا کہ دنیا ایک نئے بین الاقوامی آرڈر کی طرف بڑھ رہی ہے، جس میں کئی ممالک عالمی نوعیت کے معاملات میں اہم رول ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اپنے آپ کو مڈل پاور تصور نہیں کرتا ہے بلکہ یہ اپنے آپ کو 'پاور اِن دی مڈل' مانتا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت دنیا کا آبادی کے اعتبار سے سب سے بڑا ملک ہے جس کا GDP چار ٹریلین ڈالر ہے اور اس میں آگے بڑھنے کے کافی وسائل موجود ہیں۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے میڈیکل برادری پر زور دیا ہے کہ وہ تحقیق کے روایتی طریقوں کو مستحکم کرکے طبی نگہداشت کے جدید طور طریقوں کو دوام بخشنے اپنا بھرپور رول ادا کریں۔ گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں **Advancing internal medicine: from evidence to excellence in clinical practice** کے موضوع پر منعقدہ کانفرنس کے دوران اپنے پیغام میں لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ طبی نگہداشت کے جدید طور طریقوں کو شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دیہی اور دور افتادہ علاقوں تک بھی پہنچایا جانا چاہئے۔
ایل جی نے طبی برادری کیلئے 6 اہم نکات پر مبنی ایک پانچ سالہ نقش راہ بھی تجویز کی تاکہ لوگوں کیلئے اعلیٰ معیار کی طبی سہولیات دستیاب ہوسکیں۔ انہوں نے طبی تعلیم اور نگہداشت کے شعبے میں گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کے رول کو اُجاگر کیا۔ منوج سنہا نے ڈاکٹروں پر زور دیا کہ وہ مریضوں کے ساتھ ہمدردانہ رویہ اختیار کریں۔

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ہمالیائی آب وہوا کو تحفظ بخشنے کیلئے جامع، سائنس پر مبنی اور لوگوں پر مرکوز پائیدار پہاڑی ترقی پر زور دیا ہے۔ 13 ویں پائیدار پہاڑی ترقی سے متعلق سمٹ کی اختتامی تقریب سے اپنے پیغام میں منوج سنہا نے کہا کہ ایک مضبوط ہمالیائی لینڈ سکیپ کی تعمیر محض ایک موضوع بحث نہیں بلکہ قومی اہمیت کا حامل مسئلہ ہے۔ انٹیگریٹڈ ماؤنٹین

Initiative اور سکاسٹ کشمیر کو اس سمٹ کا اہتمام کرنے کیلئے مبارکباد پیش کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ اس سمٹ سے آبی وسائل، جنگلات، اراضی، بائیوڈائیورسٹی اور آب وہوا کی تبدیلی کے مسائل پر بامعنیٰ تبادلہ خیال کے لئے ایک پلیٹ فارم مہیا ہوا ہے۔ انہوں نے ماحولیاتی تحفظ، ذمہ داری سیاحت، ڈیزاسٹر منیجمنٹ اور پائیدار روزگار کے مواقعے سے متعلق ڈرافٹ پالیسی تیار کرنے پر سمٹ کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ دستاویز ایک موثر پالیسی کا روپ اختیار کرکے فطرت اور سماج کے درمیان ایک نیا تعلق پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج ضلع گاندربل کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے وہاں جاری ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ پروجیکٹوں کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں کو فوری طور سے دور کریں تاکہ لوگوں کو معیاری سہولیات ہونے کے ساتھ ساتھ اُن کے معیار حیات میں بہتری آسکے۔
نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت یوٹی کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے کی وعدہ بند ہے۔ بعد میں ہمارے گاندربل کے نمائندے صابر ایوب کے ساتھ ایک خصوصی بات چیت کے دوران انہوں نے کہا۔

--------**Byte**--------

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔
خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

GONG

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے جموں کشمیر میں تعلیم کے شعبے کا معیار بڑھانے نیز شفافیت اور مجموعی کارکردگی کو بہتر بنانے کے سلسلے میں آج سول سوسائٹی ممبران، پرائیویٹ سکول پیرنٹس ایسوسی ایشن اور دیگر متعلقین کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ سکینہ ایتو نے زور دے کر کہا کہ کوئی بھی نجی سکول والدین کو کتابیں یا بچوں کی وردی کسی مخصوص دکان سے خریدنے پر مجبور نہیں کرسکتے۔ انہوں نے محکمہ کے افسران کو ہدایت دی کہ وہ یہ بات یقینی بنائیں کہ کوئی بھی کتب فروش والدین کو مہنگے داموں کتابیں فروخت نہ کریں۔

سکول اوقات

سکولی تعلیم محکمہ نے کل سے وادی کے تعلیمی اداروں کے اوقات کار میں تبدیلی لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس تعلق سے جاری ایک حکمنامے میں کہا گیا ہے کہ شہر سرینگر کے میونسپل حدود میں آنے والے تمام نجی اور سرکاری تعلیمی اداروں میں اوقات کار صبح **10** بجے سے سہ پہر ساڑھے تین بجے تک رہیں گے جبکہ ضلع سرینگر کے میونسپل حدود سے باہر اور وادی کے دیگر علاقوں میں موجود تعلیمی اداروں میں اوقات کار صبح ساڑھے **10** بجے سے سہ پہر **4** بجے تک ہونگے۔

ٹی بی

بھارت میں سال **2015** سے **2024** تک تپ دق کے معاملات میں **21** فیصد کمی درج کی گئی ہے، جبکہ عالمی سطح پر اس مدت کے دوران ٹی بی معاملات میں صرف **12** فیصد کمی درج ہوئی ہے۔

ملک میں عملائے جارہے ٹی بی مکت بھارت ابھیان کے تحت **28** کروڑ سے زائد لوگوں کی تشخیص کی گئی ہے جن میں سے **20** لاکھ سے زیادہ افراد کو ٹی بی سے بچنے کیلئے علاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں اور اب تک **5** لاکھ **70** ہزار افراد نے نیئے نکشے متر امھم میں شمولیت اختیار کی ہے۔

جن سیوا

وزیر اعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے **25** برس مکمل کئیے ہیں۔ اُن کے ان **25** برسوں کے سفر کی کامیابی ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے ان کے جذبے سے واضح ہوجاتی ہے۔

اس سلسلے میں ہماری خصوصی سیریز کے تحت سماعت کریں ''وقف اصلاحات **2025**' سے متعلق ہمارے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

.......Report.........

کرائم برانچ

کرائم برانچ کشمیر نے تاریخ پیدائش میں قلم زنی کرنے اور پھر متعلقہ اسناد کی جانچ نہ کرنے کی پاداش میں سب ڈویژنل ایگریکلچر آفیسر بیروہ کے تین ملازمین کے خلاف فرد جرم عائد کی ہے۔ سال **2022** میں درج کئیے گئے اس معاملے میں ایک شخص نے اپنی تاریخ پیدائش میں قلم زنی کی تھی جبکہ دو دیگر نے سرٹیفکیٹ کو بغیر جانچ سرکاری ریکارڈ میں داخل کرایا تھا۔

سکمز

سکمز کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد یوسف گنائی نے آج سکمز میڈیکل کالج کا دورہ کر کے وہاں مریضوں کو دستیاب سہولیات، موسمی سرماکی تیاریوں اور جاری پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

انہوں نے وہاں مریضوں اور طبی عملے کے ساتھ بات کی۔ انہوں نے ڈاکٹروں پر زور دیا کہ وہ مریضوں کو بہتر طبی سہولیات مہیا رکھنے میں کوئی بھی کثر باقی نہ رکھیں۔

بی جے پی

بھارتیہ جنتا پارٹی کے جنرل سیکریٹری اور راجیہ سبھا ممبر ڈاکٹر ستیش پونیا نے کہا ہے کہ پارٹی جموں کشمیر میں تعمیر وترقی کے ذریعے خطے کا بہتر مستقبل تشکیل دے رہی ہے۔ ترکوٹا نگر جموں میں پارٹی صدر دفتر پر کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر میں سیاسی ماحول کو بدلنے کیلئے ضروری ہے کہ پارٹی کارکنان گھر گھر جا کر لوگوں میں بیداری پیدا کریں۔

شمیم فردوس

نیشنل کانفرنس خواتین ونگ کی صدر شمیمہ فردوس نے آج دریش کدل سرینگر میں ایک کروڑ 57 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے فُٹ برج کا سنگِ بنیاد رکھا۔

انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول چھتہ بل میں ڈیڑھ کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے کنڈر گارٹن کا بھی افتتاح کیا۔

جی ایم شاہین

جنتا دل یونائیٹیڈ کی یوتھ ونگ کی ایک میٹنگ آج سرینگر میں پارٹی کے سٹیٹ پریزیڈنٹ جی ایم شاہین کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط بنانے، نوجوانوں کی شمولیت اور دیگر معاملات پر غور وخوض ہوا۔ پارٹی کے سٹیٹ یوتھ پریزیڈنٹ مدثر رحمان نے اس موقعے پر شرکا کو تلقین کی کہ وہ زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو پارٹی صفوں میں شامل ہونے کیلئے مدعو کریں۔

عرس

بلند پایہ ولیٔ کامل حضرت شیخ عبدالرزاق بدری نقش بندی رحمۃ اللہ علیہ کا سالانہ عرس کل اُن کے آستان عالیہ واقع ملہ پورہ وانٹہ پورہ میں عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

اس سلسلے میں وہاں ختمات المعظمات اور مولود خوانی کی مجلس آراستہ ہوں گی۔

تعزیت

وادی کے نامور ادیب، شاعر اور ماہر تعلیم ڈاکٹر حسرت حسین نے معروف مصور ایس اے شکیل کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جنت نشینی کیلئے دعا کی۔

موسم مختار

شہر سرینگر سمیت آج وادی کے دیگر قصبہ جات میں مطلع ابر آلود رہا اور کہیں کہیں پر ہلکی بارشیں بھی ریکارڈ کی گئیں۔

میدانی علاقوں میں بارشیں اور بالائی علاقوں میں برف کی ہلکی پھہار سے درجہ حرارت میں کمی واقع ہوئی۔ ابھرتی ہوئی موسمی صورتحال کے تعلق سے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے ہمارے نمائندے محمود احمد خان کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

---------**Byte**-------

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران بیشتر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **18.2** گری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **10.5** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **30.0** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **18.4** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **6** بجکر **35** منٹ اور غروب آفتاب شام **5** بجکر **57** منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ ایک وقفے کے بعد آپ سنئے تبصرہ۔

ہمیں دیجئے اجازت۔ خدا حافظ۔